## ایم کیوایم برطانیہ یونٹ کے تحت برمنگھم میں رکنیت سازی مہم

## مختلف قومیتوں سے تعلق رکھنے والے بزرگوں، نوجوانوں اورخواتین نے ممبرشپ فارم پر کئے

## الطاف حسین پاکستان کودرپیش موجودہ بحرانوں سے نکالنے کیلئے عملی جدوجہد کررہے ہیں، سلیم شہزاد

## ایم کیوایم پاکستان کے غریب ومتوسط طبقہ کے عوام کے جائزحقوق کیلئے عملی جدوجہد کررہی ہے، ڈاکٹرسلیم دانش

برمنگھم۔۔۔26،فروری2010ء

متحدہ قومی موومنٹ برطانیہ یونٹ کے تحت رکنیت سازی مہم کا سلسلہ جاری ہے اس سلسلے میں ایم کیوایم برمنگھم یونٹ کے زیراہتمام مقامی ہال میں تقریب منعقد ہوئی جس میں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن سلیم شہزاد، برطانیہ یونٹ کے آرگنائزرڈاکٹرسلیم دانش، جوائنٹ آرگنائزرعظمت بیگ، آرگنائزنگ کمیٹی کے ارکان، برمنگھم یونٹ کمیٹی کے انچارج انیس الرحمان، یونٹ کمیٹی کے ارکان، یونٹ کے کارکنان اور ہمدردوں نے بڑی تعداد میں شرکت کی ۔اس موقع پر برطانیہ میں مقیم مختلف قومیتوں سے تعلق رکھنے والے بزرگوں، نوجوانوں اورخواتین نے ممبرشپ فارم پر کئے اورایم کیوایم میں شمولیت کا اعلان کیا۔قبل ازیں شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے رابطہ کمیٹی کے رکن سلیم شہزاد نے کہا کہ قائدتحریک جناب الطاف حسین پاکستان کودرپیش موجودہ بحرانوں سے نکالنے کیلئے عملی جدوجہد کررہے ہیں اورانشاءاللہ ایم کیوایم ، پاکستان کوموجودہ بحرانوں سے نکال کرترقی وخوشحالی کی راہ پرگامزن کرے گی۔انہوں نے کہا کہ پاکستان کوانتہائی نازک صورتحال کا سامنا ہےاوروقت کا تقاضا ہے کہ پاکستان کے سیاسی ومذہبی رہنماءاپنے اختلافات کوبالائے طاق رکھ کراتحادویکجہتی کامظاہرہ کریں اور پاکستان کی بقاءوسلامتی کیلئے متحدہ جدوجہد کریں۔انہوں نے کہا کہ برطانیہ میں مقیم پاکستان کی تمام قومیتوں سے تعلق رکھنے والے افراد کا فرض ہے کہ وہ پاکستان کی ترقی وخوشحالی کیلئے اپنا بھرپورکردارادا کریں۔ایم کیوایم برطانیہ یونٹ کے آرگنائزرڈاکٹرسلیم دانش نے کہا کہ ایم کیوایم پاکستان کے غریب ومتوسط طبقہ کے عوام کے جائزحقوق کیلئے عملی جدوجہد کررہی ہےاورایم کیوایم پاکستان کی واحد جماعت ہے جس نے غریب ومتوسط طبقہ کےعوام کوایوانوں میں پہنچایا ہے۔انہوں نے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین نے فرسودہ جاگیردارانہ نظام کے خاتمہ کیلئے ملک بھر کےعوام میں شعوری بیداری کی لہر پیدا کردی ہےاوراب ملک بھر کےعوام کو چاہئے کہ وہ اپنے مسائل کے حل کیلئے ایم کیوایم کے ہاتھ مضبوط کریں۔

☆☆☆☆☆